# لکی سیمنٹ لمیٹڈ

# اطلاع برائے 28ویں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ لکی سیمنٹ لمیٹڈ کے ممبران کا 28واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل مؤرخہ 28 ستمبر 2021 دوپہر 12:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، پیزو، ڈسٹرکٹ لکی مروت، خیبر پختون خواہ میں مندرجہ ذیل امور کی منظوری کے لئے منعقد ہوگا:

## عمومی کاروائی:

1۔ کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بابت مالی سال اختتامیہ 30 جون 2021 اوران کے بارے میں ڈائریکٹرز اور غیر جانبدار آڈیٹرز کی رپورٹس کو زیر غور لانا اورانکی منظوری دینا۔

2۔ آئندہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2022 کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب کرنا اوران کے معاوضے کی منظوری۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جانب سے اپنی اہلیت کی بنیاد پرایک مرتبہ پھراپنی خدمات ادا کرنے کی پیش کش کی گئی ہے۔

3۔ اگلے تین سال کیلئے کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹروں کا انتخاب کرنا جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 159 کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس منعقدہ 7 اگست 2021 میں قرار دیا جا چکا ہے۔ ڈائریکٹروں کے نام ذیل میں دیئے جارہے ہیں:

1۔ محمد یونس ٹبہ
2۔ محمد علی ٹبہ
3۔ محمد سہیل ٹبہ
4۔ جاوید یونس ٹبہ
5۔ مریم ٹبہ خان
6۔ منظور احمد
7۔ مسعود کریم شیخ

## خصوصی کاروائی:

4۔ متعلقہ پارٹیوں سے کی جانے والی لین دین بابت 30 جون 2021 کی توثیق کرنا اوران کی منظوری دینا اوراس سلسلے میں ترامیم کے ساتھ یا ترامیم کے بغیر مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد منظور کرنا:

"قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کی غیر یکجا مالیاتی دستاویزات بابت مالی سال اختتامیہ 30 جون 2021 کے نوٹ نمبر 40 اور سیکشن (3)134 کے تحت معلومات برائے اہم معاملات میں مذکورہ متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کے معاملات کی بذریعہ ہذا توثیق کی جاتی ہے اورانھیں منظور کیا جاتا ہے۔"

5۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بذریعہ مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد بمعہ ترامیم یا ترامیم کے بغیر اس بات کا مجاز بنانا کہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2022 کیلئے وہ متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کے معاملات منظور کرسکیں:

"قرار دیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز اس بات کے مجاز ہیں اورانھیں بذریعہ قرارداد ہذا اس بات کا مجاز بنایا جاتا ہے کہ وہ فرداً فرداً متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2022 کے دوران ہونے والے لین دین کے معاملات منظور کریں۔

مزید برآں قرار دیا جاتا ہے کہ مذکورہ لین دین کے معاملات کو حصص داران سے بھی منظور شدہ تصور کیا جائے گا اورانھیں اگلے سالانہ اجلاس عام کے دوران حصص داران کے سامنے توثیق / منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔"

## اس کے علاوہ دیگر امور

6۔ ان کے علاوہ ایسے دیگر امور کو زیر غور لانا جنھیں پیش کرنے کی چیئرمین کی جانب سے اجازت دی جائے۔

(نوٹس ہذا کے ساتھ اہم حقائق سے متعلق ایک دستاویز منسلک شدہ ہے جس میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مذکورہ بالا خصوصی امور کی تفصیلات درج ہیں۔)

بحکم بورڈ

فیصل محمود

کمپنی سیکرٹری

بمقام کراچی: 06 ستمبر 2021

## نوٹس:

### 1۔ حصص منتقلی کھاتوں کی بندش

کمپنی کے حصص منتقلی کھاتے بروز منگل 14 ستمبر 2021 سے بروز منگل 28 ستمبر 2021 تک بند رہیں گے (دونوں ایام مذکورہ بھی اس میں شامل ہیں)۔ ہمارے شیئر رجسٹرار ٹرانسفر ایجنٹ میسرز سی ڈی سی شیئر جسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRSL)، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی 74400 کو دفتری ایام کار کے دوران بروز پیر 13 ستمبر 2021 تک موصول ہونے والی شیئرز کی منتقلی کی درخواستوں کو تسلیم کیا جائے گا اور وہ ممبران سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے اہل ہونگے۔

### 2۔ اجلاس عام میں شرکت

ایسا کوئی بھی فرد جو کہ کمپنی کے حصص کا مستفید مالک ہو کو چاہیئے کہ اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شرکاء کا شناختی نمبر (Participant ID) ضرور ہمراہ لے کر آئے تا کہ اپنی شناخت ثابت کر سکے۔ کارپوریٹ ممبران کی نمائندگی کرنے والے اپنے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/یا پاور آف اٹارنی اور نامزد شدہ شخص کے دستخط کے نمونے ضرور لائیں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حاملین کے لئے لازم ہے کہ ان ہدایات کے علاوہ وہ سرکلر نمبر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 شائع کردہ از سیکوریٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مطابق عمل کریں۔

کوئی بھی ایسا ممبر جو کہ اجلاس میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی کا استعمال کرنے کا مجاز ہو کو اس بات کی اجازت ہے کہ اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی کیلئے پراکسی کا انتخاب عمل میں لائے۔ پراکسی کے کارآمد ہونے کیلئے ضروری ہے کہ پراکسی کی درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ آفس مین انڈس ہائی وے، پیزو، ڈسٹرکٹ لکی مروت، خیبر پختون خواہ کو اجلاس منعقد ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہو جائے اور اس سلسلے میں ایسے ایام کو گنتی میں نہیں لایا جائے گا جو ایام کار نہ ہوں۔ ایک ممبر ایک سے زائد پراکسی منتخب نہیں کر سکتا۔

### 3۔ نامزدگی برائے ڈائریکٹرشپ

کوئی بھی شخص جو کہ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو کو سالانہ اجلاس منعقد ہونے سے پہلے 14 دن کے اندر اندر کمپنی رجسٹرڈ دہ دفتر میں ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے اپنے ارادے سے متعلق درخواست جمع کروانا ہوگی، جس کے ساتھ مندرجہ ذیل کوائف بھی جمع کروائے جائیں گے:

الف) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)167 کے تحت بطور ڈائریکٹر فرائض منصبی ادا کرنے کی رضامندی؛

ب) کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کی پاسداری اور لسٹڈ کمپنی میں بطور ڈائیریکٹر کام کرنے سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 میں مندرج شرائط سے متعلق بیان حلفی؛ اور

ج) بمطابق ایس آر او مجریہ 10 دسمبر 2015 انتخابات کی تاریخ سے سات ایام قبل تفصیلی کوائف نامہ بمعہ دفتری پتہ جو کہ کمپنی ویب سائٹ پر شائع کیا جا سکے۔

### 4۔ فزیکل / کاغذی حصص کی سی ڈی سی میں منتقلی

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیوں پر لازم ہے کہ اپنے تمام فزیکل / کاغذی حصص کو مجوزہ بک انٹری کی صورت میں کمیشن کی جانب سے دی گئی تاریخ کے اندر اندر تبدیل کر لیں۔

ایسے حصص داران جو کہ فزیکل / کاغذی حصص کے حامل ہیں کو چاہیئے کہ سی ڈی سی میں براہ راست بروکر یا انویسٹرا اکاؤنٹ میں اپنے ذیلی سی ڈی سی اکاؤنٹ کھلوا کر اپنے فزیکل / کاغذی حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کروالیں۔ ایسا کرنے سے انھیں کئی سہولیات میسر آسکتی ہیں جیسا کہ حصص کی محفوظ تحویل اور فروخت جب کبھی وہ چاہیں کیونکہ اب پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے قواعد کے مطابق فزیکل / کاغذی صورت میں حصص کی فروخت کی اجازت نہیں ہے۔

### 5۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے حصول کیلئے درخواست

SECP کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 10 بابت 2014 مؤرخہ 21 مئی 2014 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (b)(1)134 کے تحت اگر کمپنی کو ایسے حصص داران کی درخواست موصول ہوتی ہے جو کہ کمپنی %10 یا اس سے زیادہ شیئرز کے مالک ہوں اور کسی ایک جغرافیائی محل وقوع پر رہائش پذیر ہوں کہ وہ سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کے خواہاں ہیں تو کمپنی کی جانب سے اس سہولت کا اہتمام کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ یہ درخواست اجلاس منعقد ہونے سے کم از کم 10 دن پہلے موصول ہو اور جس علاقے میں حصص داران موجود ہوں وہاں اس قسم کی سہولت فراہم کرنا ممکن بھی ہو۔

اگر آپ اس سہولت کے خواہشمند ہیں تو آپ سے گزارش ہے کہ درج ذیل معلومات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں سالانہ اجلاس عام منعقد ہونے سے 10 دن پہلے جمع کروادیں۔
اگر مجموعی طور پر ممبران کے %10 یا زائد کی جانب سے ایسی درخواست موصول ہوتی ہے تو کمپنی کی جانب سے ممبران کو ویڈیو کانفرنس کے مقام سے متعلق سالانہ اجلاس عام منعقد کئے جانے سے کم از کم پانچ (5) دن پہلے آگاہ کردیا جائے گا اور انھیں اس مقام تک رسائی کیلئے ضروری معلومات بھی فراہم کردی جائیں گی۔

#### درخواست برائے ویڈیو کانفرنس سہولت

**میں / ہم ____________ ساکنہ / ساکنان ____________ ممبران لکی سیمنٹ لمیٹڈ، حاملین حصص ____________ عام حصص بحوالہ رجسٹرڈ فولیو # ____________**
**اور / یا سی ڈی سی شراکت داری نمبر اور ذیلی اکاؤنٹ نمبر ____________ بذریعہ ہذا بمقام ____________ شہر ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کے خواہشمند ہیں۔**

____________
**دستخط از ممبران**
**(بصورت کارپوریٹ ممبر برائے مہربانی کمپنی کی مہر ثبت کیجئے)**

### 6۔ ای-ووٹنگ

کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016 کی رو سے حصص داران اپنے حق رائے دہی کے استعمال کیلئے ای ووٹنگ کا استعمال بھی کرسکتے ہیں بشرطیکہ تحریری طور پر درخواست دی جائے اور کمپنی کی جانب سے ایگزیکیوشن آفیسر از انٹرمیڈئیری بطور پراکسی تعینات کئے جانے کے بعد اجلاس سے کم از کم 10 دن پہلے یہ درخواست دی جائے۔ ووٹنگ کی تاریخ کا 10 فیصد اپنے پاس رکھیں گے۔

### 7۔ پوسٹل بیلٹ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی رو سے ڈائریکٹروں کے انتخاب اور دیگر کسی ایجنڈے کے سلسلے میں سیکشن 143 اور 144 بابت کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ممبران بذریعہ پوسٹل سہولت بھی اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکتے ہیں۔ یعنی مذکورہ ریگولیشنز کے قواعد وضوابط کے ذریعے ممبران اپنا حق رائے دہی بذریعہ ڈاک یا الیکٹرانک ذرائع استعمال کرسکتے ہیں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت اہم حقائق سے متعلق بیان

### ایجنڈا آئٹم # 3 انتخابات برائے ڈائریکٹرز

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹروں کی مدت 28 ستمبر 2021 کو ختم ہورہی ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن (1)159 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 7 اگست 2021 میں اگلے تین سال کیلئے سالانہ اجلاس میں منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹروں کی تعداد سات (7) مقرر کی ہے۔

کوئی بھی شخص جو کہ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، خواہ وہ سبکدوش ہونے والا کوئی ڈائریکٹر ہو یا کوئی دوسرا شخص، کو کمپنی سیکرٹری بمقام رجسٹرڈ شدہ دفتر پیزو، ڈسٹرکٹ لکی مروت، خیبر پختون خواہ، کے پاس سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے 14 ایام قبل بمعہ درج ذیل کوائف درخواست جمع کروانا ہوگی:

1۔ اپنا فولیو نمبر / سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر۔ سی ڈی سی شراکت داری نمبر / ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔
2۔ اپنی رضامندی سے متعلق ایک نوٹس جس میں کمپنیز ایکٹ کے سیکشن (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کی خواہش کا ذکر ہو، بمعہ رضامندی نوٹس زیر تحت کمپنیز ایکٹ 2017 جو کہ ایکٹ کے تحت فارم 28 پر درج ہو۔

3۔ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 2019/(1)1196 مجریہ 3 اکتوبر 2019 اپنا مکمل کوائف نامہ بمعہ دفتری پتہ۔

4۔ ڈائریکٹروں کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے اپنی رضامندی کی درخواست جمع کرواتے وقت امیدوار کیلئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کا ممبر ہو ماسوائے اس شخص کہ جو کہ ممبر کی نمائندگی کررہا ہو جو کہ فطری طور شخص نہیں ہے۔

5۔ یہ حلفیہ بیان کہ:

الف) اسے متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور لسٹنگ ریگولیشنز بابت پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے تحت اپنے اختیارات اور فرائض منصبی کا مکمل ادراک ہے؛ اور

ب) وہ جانتا ہے کہ وہ ایکٹ کے کسی بھی ضابطے، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 یا دیگر مجوزہ قوانین یا قواعد کے تحت کسی لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کیلئے نااہل نہیں ہے۔

6۔ غیر جانبدار ڈائریکٹروں کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن 159 کے تحت بذریعہ انتخابات عمل میں لایا جائے گا اور امیدواروں کو ایکٹ کے سیکشن 166 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 میں مندرج معیار پر پورا اترنا لازم ہوگا۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت اہم حقائق سے متعلق بیان

### 1۔ نوٹس کا آئٹم نمبر 4 - مالی سال اختتامیہ 30 جون 2021 کے دوران متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کے معاملات کے بارے میں توثیق ومنظوری

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق 15 کے مطابق سہ ماہی کی بنیادوں پر آڈٹ کمیٹی کی جانب سے باقاعدہ سفارش کے بعد متعلقہ پارٹیوں سے کی جانے والی لین دین کی بورڈ کی جانب سے باقاعدہ منظوری لازم ہے۔ تاہم چونکہ دوران سال کمپنی کے ڈائریکٹرز کی اکثریت متعلقہ پارٹیوں سے گروپ میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی بنیاد پر لین دین کے معاملات میں دلچسپی رکھتے تھے اس لئے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 207 کے مطابق ایسے معاملات کی منظوری کیلئے ڈائریکٹرز کا کورم مکمل نا ہو سکا۔ کمپنی کے ستائیسویں (27) سالانہ اجلاس عام کے دوران، کمپنی کے کاروباری معاملات کو شفاف بنانے کی غرض سے، کمپنی کے حصص داران سے اس بات کی منظوری حاصل کرلی گئی تھی کہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2021 کے دوران ہر کیس کو انفرادی طور پر دیکھتے ہوئے بورڈ آف ڈائریکٹر اس بات کا مجاز ہے کہ متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کے معاملات کی منظوری دے اور اس طرح اس قسم کے معاملات کو حصص داران کی جانب سے منظور شدہ سمجھا جائے گا۔ ایسے معاملات کو اگلے سالانہ عام اجلاس میں حصص داران کی جانب سے رسمی منظوری/توثیق کیلئے پیش کیا جانا تھا۔ لہذا ان معاملات کو رسمی منظوری کیلئے سالانہ عام اجلاس میں حصص داران کی جانب سے توثیق/منظوری کیلئے پیش کیا جارہا ہے۔

منظوری کیلئے پیش کئے جانے والے تمام معاملات کو مالی سال اختتامیہ 30 جون 2021 کی غیر یکجا مالیاتی دستاویزات کے نوٹ نمبر 40 میں بیان کیا جا چکا ہے۔ متعلقہ پارٹیوں کے اعتبار سے لین دین کے ان معاملات کو ذیل میں پیش کیا جارہا ہے:

| Name of Related Party | Transaction Type | Amount in PKR |
|---|---|---|
| Aziz Tabba Foundation | Donation paid | 200,000,000 |
| Energas Terminal (Private) Limited | Reimbursement of Expenses to Company | 1,006,344 |
| Gadoon Textile Mills Limited | Reimbursement of Expenses from Company | 115,070 |
| | Reimbursement of Expenses to Company | 10,028,843 |
| | Sales | 6,118,180 |
| ICI Pakistan Limited | Dividends Received | 1,269,950,000 |
| | Purchase | 11,381,574 |
| | Sales | 11,406,780 |
| Kenzo Holdings Limited | Dividends Paid | 10,340,909 |
| Lucky Air (Private) Limited | Reimbursement of Expenses to Company | 33,140 |
| | Services | 30,353,272 |
| Lucky Commodities (Private) Limited | Reimbursement of Expenses to Company | 471,669 |
| Lucky Electric Power Company Limited | Investment Made During the Period | 6,050,000,000 |
| | Claim of Tax Loss | 615,168,773 |
| | Reimbursement of Expenses to Company | 50,774 |
| Lucky Energy (Private) Limited | Sales | 8,769,526 |
| Lucky Foods (Private) Limited | Reimbursement of Expenses to Company | 16,142,494 |
| Lucky Holdings Limited | Dividends Received | 223,938,000 |
| | Reimbursement of Expenses to Company | 32,505 |
| Lucky Knits (Private) Limited | Sales | 11,226,600 |
| Lucky Landmark (Pvt) Ltd. | Sales | 831,600 |
| Lucky Motor Corporation Limited | Dividends Received | 2,851,785,225 |
| | Purchase of Fixed Assets | 1,755,000 |
| | Purchase of vehicles | 71,153,000 |
| | Reimbursement of Expenses to Company | 5,766 |
| | Sales | 38,746,085 |
| | Services | 983,208 |

| Name of Related Party | Transaction Type | Amount in PKR |
|---|---|---|
| Lucky One (Private) Limited | Sales | 52,994,246 |
| Lucky Paragon ReadyMix (Private) Limited | Sales | 29,921,766 |
| Lucky Textile Mills Limited | Sales | 60,807,950 |
| Tabba Heart Institute | Services | 981,945 |
| YB Holdings (Private) Limited | Reimbursement of Expenses to Company | 2,833,811 |
| Yunus Energy Limited | Dividends Received | 61,136,500 |
| Yunus Textile Mills Limited | Reimbursement of Expenses to Company | 1,508,880 |
| | Sales | 201,717,156 |
| Directors and close family members | Meeting Fee | 1,906,250 |
| | Sales | 366,000 |
| Key Management Personnel | Retirement Benefits | 44,749,325 |
| | Salaries And Benefits | 280,320,552 |

کمپنی مارکیٹ میں رائج قیمت کی بنیاد پر متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کے معاملات کرتی ہے اور اس سلسلے میں "متعلقہ پارٹیوں سے لین دین" کی طے شدہ پالیسی کے مطابق عام کاروباری حالات کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کے تمام معاملات میں کمپنی کے بورڈ کی آڈٹ کمیٹی سے منظوری حاصل کرنا ضروری ہے جس کی صدارت کمپنی کا ایک غیر جانبدار ڈائریکٹر کرتا ہے۔ کمپنی کے بورڈ کی آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر ہی اس قسم کے معاملات کو بورڈ کے سامنے منظوری کیلئے پیش کیا جاتا ہے۔

متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کے معاملات میں سیمنٹ کی فروخت، اداشدہ اور وصول شدہ ڈیویڈنڈ، سرمایہ کاری (جہاں ضرورت حصص داران اور بورڈ کی منظوری کے ساتھ) اور اہم انتظامی عہدوں پر فائز منتظمین کی تنخواہوں اور مراعات وغیرہ کو شامل کیا گیا ہے لیکن لین دین انہی معاملات تک محدود نہیں ہیں۔

کمپنی کی غیر یکجا مالیاتی دستاویزات بابت مالی سال اختتامیہ 30 جون 2021 کے نوٹ نمبر 40 میں کمپنی کے ساتھ ان متعلقہ پارٹیوں کے تعلق کی وضاحت بھی کی جا چکی ہے۔ ڈائریکٹرز ان کمپنیوں میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی حد تک قرارداد میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

## 2۔ نوٹس کا آئٹم نمبر 5- مالی سال اختتامیہ 30 جون 2022 کے دوران متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کے معاملات کے بارے میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اختیارات کی منظوری

کمپنی کی جانب سے مالی سال اختتامیہ 30 جون 2022 کے دوران متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ منظور شدہ "متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کے معاملات" کی پالیسی کے مطابق عام کاروباری حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے مارکیٹ میں رائج قیمتوں پر لین دین کے معاملات کئے جائیں گے۔ ڈائریکٹروں کی اکثریت منسلکہ / ذیلی کمپنیوں میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے ان معاملات میں دلچسپی رکھتی ہے۔ تمام تر کاروباری معاملات کو شفاف انداز سے چلانے کیلئے حصص داران کی جانب سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اس بات کا مجاز بنایا جا رہا ہے کہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2022 کے دوران متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کے معاملات کی منظوری دے اور اس سلسلے میں ہر کیس کو فرداً فرداً دیکھا جائے گا نیز اس سلسلے میں دی جانے والی منظوریوں کو حصص داران کی جانب سے منظور شدہ گردانا جائے گا۔ متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کے ان معاملات کی نوعیت اور قدر کو مندرجہ بالا سطور میں بیان کیا جا چکا ہے۔ ان معاملات کو اگلے سالانہ عام اجلاس میں رسمی منظوری کیلئے حصص داران کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کے معاملات سے متعلق قرارداد میں ڈائریکٹر اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔